﴿قارئین کے خطوط بنام ادارہ﴾

ترتیب: نثار اللہ نثار

(۱) ارشاد احمد خان سول جج ٹانک۔

﴿جناب مدیر اعلیٰ صاحب﴾

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

مجلہ المباحث الاسلامیہ ہاتھ لگا۔ پڑھ کر انتہائی خوشی ہوئی کہ موجودہ دور میں ایسا کوئی رسالہ دستیاب ہے جو کہ آج کل کے دور جدید میں مغربیت کی طرف کھینچتی اس دنیا کو اسلامی اور مغربی روایات میں تفریق سے آشنا کرتی ہے اس میں ہر عمر کے قاری کے لئے معلومات ہیں۔

(۲) محترم حافظ زاہد محمود عباسی پوسٹ آفس پھگواڑی، تحصیل کوہ مری راولپنڈی۔

﴿محترم المقام جناب سید نصیب علی شاہ الہاشمی﴾

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

چند ماہ پہلے آپ کے زیر نگرانی ''المباحث الاسلامیہ'' کا ایک تحقیقی ایڈیشن ہاتھ لگا۔ جسکی علمی مباحث کو فکر نارسا کیلئے حظ وافر پایا۔ جن دکتور نے جدید موضوعات پر قلم اُٹھایا کافی حد تک قلم وقرطاس کا حق ادا کر دیا۔ حق ہے کہ ایسی امتزاجِ قدیم وحدیث ہی طالبانِ راہِ حق کیلئے سراغ منزلِ مقصود ہوتی ہیں چونکہ میں بھی ایک دینی ادارہ ''المحمدیہ الغوثیہ بھیرہ'' میں اپنی بساط کے مطابق درنایاب سمیٹنے کی سعی قصیرہ کر رہا ہوں لہذا اس رسالہ کی طرف رجوع کرنے کیلئے ضرورت محسوس کر رہا ہوں۔

(۳) مفتی محمد اسماعیل جامعۃ العلوم الاسلامیۃ گاؤں وڈا کخانہ بہودی حضرو تحصیل وضلع اٹک۔

﴿واجب الاحترام مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی صاحب﴾

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

بعد از سلام مسنون کے عرض خدمت ہے کہ اُمید ہے کہ آپ بفضلہ تعالیٰ بخیر و عافیت ہوں گے۔ آپ کا سہ ماہی ''المباحث الاسلامیہ'' مجلہ نہایت ہی اہم اور جدید مسائل میں شریعتِ مطہرہ کی رو سے اسلامیان عالم کی رہنمائی کرتا ہے۔